رہے ہیں، ان کے لئے اس کتاب کا مطالعہ لازمی قرار دیتا ہوں۔

کتاب کا نام: روشن زندگی

مصنفہ: پروفیسر ریحانہ تبسم فاضلی

ناشر: فاضلی پبلی کیشنز، تھرڈ۔ای/ ۳/ بی ۱۸ حبیب اسکوائر، ناظم آباد کراچی، نزد ڈاکخانہ، ۲۰۱۴ء،

قیمت وصفحات: ۷۰۰ روپے، ۸۱۶ صفحات حصہ اول، ۶۷۲ صفحات حصہ دوم

پروفیسر ریحانہ تبسم فاضلی صاحبہ کا شمار مثالی خواتین میں ہوتا ہے، سرسید گرلز کالج سے بحیثیت پروفیسر ریٹائرڈ ہوئیں، لیکن ماشاء اللہ آج بھی نوجوانوں سے زیادہ کام کرتی ہیں۔مجلہ میں اس سے قبل بھی آپ کی تصانیف پر تبصرہ شائع کیا جاچکا ہے۔

''مجاھد تم کہاں ہو'': آپ کی شہرت یافتہ کتاب ہے۔ اس کے علاوہ ''طب نبوی'' اور ''مجموعہ کلام'' بھی آپ کی تصنیف ہے، شرعی پردہ کے ساتھ آپ نے زندگی کی تمام ذمہ داریوں کو ادا کیا ہے۔آپ کی کتاب پر بڑے بڑے مستند علماء کی تقاریظ ہیں۔کتاب میں اصلاح معاشرہ اور خواتین میں رائج رسومات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔خصوصاً نکاح کے مسائل، اس کے علاوہ بچوں کی بیماریوں، مسنون ادعیہ، آداب مجلس، کھانے پینے کے آداب، لباس، سفر کے آداب، حج کے احکام، قربانی، مصائب، صلوٰۃ وسلام، طلاق، عدت، بیماریوں کا قرآن سے علاج، مدینہ منورہ اور اس کے آداب، اہم مزارات وغیرہ جیسے مضامین دونوں حصوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔خواتین کی اصلاح کے لئے بہت مفید کتاب ہے، بہشتی زیور کے بعد میں سمجھتا ہوں یہ کتاب سب سے بہترین ہے۔ ہر خاتون کو اس کا لازمی مطالعہ کرنا چاہئے۔

کتاب کا نام: تربیت اولاد قرآن وسنت کی روشنی میں

مصنف: مفتی محمد طلحہ

ناشر: R-121 سیکٹر ۱۰، کلیانہ ٹاؤن، نارتھ کراچی،

قیمت وصفحات: درج نہیں، ۳۶ صفحات

یہ موصوف کا وہ مقالہ ہے جو انہوں نے ۲۰۱۴ء میں چھٹی سالانہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں پیش کیا تھا، اور مجلہ علوم اسلامیہ میں شائع ہو چکا ہے، اب اسے مستقل کتابچہ کی صورت میں عوام کی اصلاح کے لئے شائع کیا گیا۔

الحمدللہ ہماری کانفرنسوں کی بدولت بہت سے صاحب قلم پیدا ہوا گئے ہیں، اللہ تعالیٰ مزید